**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف سے نکال باہر کیئے گئے اکبر بابر نامی ایک جعل ساز کی ریاستی سرپرستی میں کی جانے والی شرارتوں کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے ازلی ٹاؤٹ کی پھرتیوں کو سرپرستوں کے اوسان خطا ہونے کی واضح دلیل قرار دے دیا:
تحریک انصاف کا کارکن ہی نہیں اب تو الحمدللہ پوری قوم باشعور ہے، ٹاؤٹ گردی کے ذریعے جماعتوں کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی ناکام کوششیں شکست خوردہ ذہنیت کی علامت ہیں،
پہلے اس ٹاؤٹ کو "بلے" کا انتخابی نشان ہتھیانے کیلیئے استعمال کرنے والے اب نئی سازشیں گھڑ رہے ہیں،
قوم عمران خان کو اپنا انتخابی نشان بنا کر پوری ہمّت، حوصلے اور استقامت سے ٹاؤٹوں اور ان کے سرپرستوں کی ووٹ کے ذریعے خبر گیری کیلیئے تیار اور بضد ہے،
ایک ٹاؤٹ ہے جس کا واحد استعمال پارٹی میں انتشار کا فروغ ہے وہ خود کو دھوکہ دینے کے علاوہ منصوبہ سازوں کے کسی کام نہیں آسکتا،
اس ٹاؤٹ کا پاکستان تحریک انصاف کی اساس اور نظریے سے کوئی تعلق ہے اور نہ ہی وہ تحریک انصاف کا حصہ ہے،
اس مخبوط الحواس ٹاؤٹ کو 2013 میں پارٹی سے الگ کر کے باضابطہ طریقۂ کار کے تحت اس کی بنیادی رکنیت ختم کر دی گئی تھی،
سازشی عناصر کا آلہ کار بننے والے اکبر ایس بابر جیسا مفاد پرست شخص کسی بھی سیاسی جماعت کا رکن بننے کے قابل نہیں ہے،
یہ شخص ہمیشہ ذاتی مفاد کی خاطر غیر جمہوری قوتوں کے ہاتھوں استعمال ہوتا آیا ہے اور اس کا مقصدِ حیات ہی آئین اور جمہوریت کے خلاف سازشوں کیلیئے استعمال ہونا ہے،
تحریک انصاف کے حوالے سے اس شخص کے کسی بھی اقدام کی کوئی قانونی حیثیت ہوگی اور نہ ہی پارٹی اور قوم اسے قبول کریں گے،

ترجمان تحریک انصاف